# ہم آپ کو ٹیکس کی ایک اہم دستاویز ارسال کر رہے ہیں

## آپ نے یا آپ کے خاندان کے فرد نے 2024 میں صحت کے بیمے کی ادائیگی میں مدد حاصل کی تھی اور آپ کو اپنے وفاقی ٹیکس گوشوارے کے لیے اس فارم کی ضرورت ہے

NY سٹیٹ آف ہیلتھ کے ذریعے گزشتہ سال آپ نے صحت کا جو منصوبہ خریدا اس کی ادائیگی میں آپ کو یا آپ کے خاندان کے فرد کو مدد ملی تھی۔ ٹیکس ادا کرنے سے "پیشتر" دیئے گئے ٹیکس کریڈٹ کی شکل میں یہ مالیاتی مدد آئی تھی— یعنی کہ ،جب اپنے صحت کے منصوبے میں آپ کا اندراج ہوا۔ نتیجے کے طور پر ،IRS آپ سے مطالبہ کرتا ہے کہ 2024 کے لیے اپنے ٹیکس اکاؤنٹ کا تصفیہ کرنے کے لیے اپنے وفاقی ٹیکس گوشوارے کے ساتھ IRS فارم 8962 جمع کروائیں۔ آپ کو 8962 فارم **www.irs.gov** سے مل سکتے ہیں اور آپ اس کو پرُ کرنے کے لیے منسلکہ فارم 1095-A استعمال کریں گے۔

---

**مدد کا انحصار آپ کی آمدنی پر تھا**

آپ کے پیشگی پریمیم ٹیکس کریڈٹ کی رقم کا دارومدار آپ کے خاندان کی اندازاً آمدنی اور آپ کے اندراج کے وقت پر دستیاب معلومات پر تھا۔ جب آپ IRS فارم 8962 مکمل کرتے ہیں، تو آپ کے آخری پریمیم ٹیکس کریڈٹ کا انحصار آپ کی اصل آمدنی اور جس کاؤنٹی میں آپ رہتے ہیں وہاں دوسرے کم ترین لاگت والے سلور منصوبے کی لاگت پر ہو گا۔

**اگر IRS فارم 8962 کی جانب سے آپ کا آخری پریمیم ٹیکس کریڈٹ آپ کے پیشگی پریمیم ٹیکس کریڈٹ سے کم ہو** ،تو آپ کو ٹیکس کریڈٹ میں سے کچھ زیادہ ٹیکس یا چھوٹے ریفنڈ کی صورت میں واپس دینا پڑ سکتا ہے۔

**اگر IRS فارم 8962 سے آپ کا آخری پریمیم ٹیکس کریڈٹ، آپ کے پیشگی پریمیم ٹیکس کریڈٹ سے زیادہ ہو** ،تو آپ کو کچھ کم ٹیکسوں یا زیادہ ریفنڈ کی صورت میں مزید مالی امداد حاصل ہو سکتی ہے۔

---

**یہ جاننا آپ کے لیے اہم ہے...**

**آپ کو دوسرے فارمز کیوں مل سکتے ہیں**

2024 کے دوران آپ یا آپ کے خاندان کا کوئی رکن صحت کے جس بھی برانز، سلور، گولڈ یا پلاٹینم منصوبے میں اندراج کروائیں گے، ان میں سے ہر ایک منصوبے کے لیے آپ کو ایک 1095-A فارم ملے گا۔ اگر آپ 2024 کے دوران اپنی NY سٹیٹ آف ہیلتھ کوریج میں کوئی تبدیلی کرواتے ہیں تو آپ کو ایک سے زیادہ 1095-A فارم ملیں گے۔ حادثاتی منصوبوں یا Medicaid، چائلڈ ہیلتھ پلس، یا اسینشیل پلان کے لیے 1095-A فارم نہیں بھیجا جاتا ہے کیونکہ یہ منصوبے ٹیکس کریڈٹس کے لیے

اہل نہیں ہیں۔ 1095-A فارم کے علاوہ، یہ ممکن ہے کہ آپ کو ٹیکس کے دیگر اہم فارمز حاصل ہوں گے۔ یہ فارمز

**1095-B** اور**1095-C** ہیں۔

---

**آپ کو دوسرے فارمز کیوں مل سکتے ہیں** جاری

اگر آپ نے یا آپ کے خاندان کے کسی فرد نے 2024 میں کسی وقت Medicaid، Child Health Plus یا Essential Plan میں اندراج کروایا تھا، تو فارم NY State of Health 1095-B کے ان باکس میں دستیاب کرایا جائے گا۔ آپ New York State Department of Health سے 1-800-541-2831 پر کال کر کے یا 1095B@health.ny.gov پر ای میل کر کے بھی فارم 1095-B کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کوریج کی دوسری اقسام – جیسے کہ حادثاتی منصوبہ، Medicare کے پارٹ A یا C، TRICARE، Department of Veterans Affairs کے امور کی جانب سے مراعات، یا کسی مخصوص آجر کا کفالت کردہ صحت کا بیمہ – میں اندراج کروا چکے تھے تو آپ کو دیگر ذرائع سے فارم 1095-B یا فارم 1095-C موصول ہو سکتا ہے

---

**مدد کس طرح حاصل کریں** اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے 1095-A فارم پر ہم سے کوئی غلطی ہو گئی ہے تو NY، سٹیٹ آف ہیلتھ کو **ممکنہ طور پر جلد از جلد 1-855-766-7860**پر کال کریں تاکہ ہم ریکارڈ کو درست کر سکیں۔

اگر آپ کے پاس 1095-A فارم یا ٹیکس کریڈٹ کے بارے میں سوالات ہوں، تو **ملاحظہ کر NY ینسٹیٹ آف ہیلتھ http://info.nystateofhealth.ny.gov/TaxCredits**، **سٹیٹ آف ہیلتھ کو 1-855-766-7860 پر کال کریں** یا **کمیونٹی کی صحت کے ایڈووکیٹس کی ہیلپ لائن کو 1-888-614-5400 پر کال کریں۔**

آپ کو جو 1095-B یا 1095-C ٹیکس فارمز موصول ہوئے ہوں ان کے بارے میں کوئی سوالات ہوں ،تو ان فارمز پر موجود نمبر پر کال کریں۔

اگر آپ کے پاس فارم 8962 یا ٹیکس سے متعلقہ دیگر سوالات ہوں، تو ملاحظہ کریں **www.irs.gov**۔

**غیر امتیازی پالیسی کا نوٹس**

NY سٹیٹ آف ہیلتھ، قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے اور نسل، رنگت، قومی اصل ،مسلک/مذہب، جنس، عمر، ازدواجی/ خاندانی حیثیت، معذوری، حمل سے متعلق حالت، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی )سزا یابیوں(، صنفی شناخت، جنسی رجحان، ثانوی جینیاتی خصوصیات، فوجی حیثیت، گھریلو تشدد کے متاثر کی حیثیت اور/یا انتقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ NY سٹیٹ آف ہیلتھ نے آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے، تو آپ:

www.health.ny.gov/regulations/discrimination_complaints/ پر جا کر یا دفتر برائے تنوع کے انتظام کو DMO@health.ny.gov پر ای میل کرتے ہوئے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

آپ امریکی محکمہ برائے صحت و انسانی خدمات، دفتر برائے شہری حقوق میں برقی طور پر https://ocrportal.hhs.gov/ocr/smartscreen/main.jsf پر یا بذریعہ ڈاک یا فون U.S. Department of Health and Human Services, 200 Independence Avenue, SW, Room 509F, HHH Building, Washington, D.C. 20201؛ 1-800-368-1019 (TTY: 1-800-537-7697) پر بھی شہری حقوق کی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ شکایت کے فارمز www.hhs.gov/ocr/office/file/index.html پر دستیاب ہیں۔

سہولیات NY سٹیٹ آف ہیلتھ معذوریوں کے شکار لوگوں کو مفت امداد اور خدمات فراہم کرتی ہے، تاکہ وہ مؤثر انداز میں ہمارے ساتھ مواصلت کر سکیں، جیسے کہ:

- TTY بذریعہ نیویارک ریلے سروس
- اگر آپ نابینا ہیں یا بصارت کی شدید معذوری سے دوچار ہیں اور آپ کو متبادل فارمیٹ (بڑی طباعت، آڈیو یا ڈیٹا CD، یا بریل) میں نوٹس یا دیگر تحریری مواد کی ضرورت ہے، تو 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر رابطہ کریں۔

NY سٹیٹ آف ہیلتھ ایسے لوگوں کو بھی زبان کی معاونت کی مفت خدمات فراہم کرتی ہے جن کی بنیادی زبان انگریزی نہ ہو، جیسے کہ:

- ماہر ترجمان
- دوسری زبانوں میں تحریری معلومات

**اگر آپ کو ان خدمات کی ضرورت ہے یا مناسب انتظامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220) پر کال کریں۔**